ڈائریکٹر پبلک سندھ پولیس آفس
فون:- 9921/2639

آئی جی سندھ نے ڈیجیٹل فارنزک لیبارٹری کا باقاعدہ افتتاح کر دیا

کراچی، 20 نومبر 2012ء:۔ آئی جی سندھ فیاض احمد لغاری نے گارڈن پولیس ہیڈکوارٹرز ساؤتھ میں قائم سندھ پولیس کے فارنسک ڈویژن یونٹ میں جدید آلات سے لیس اور شعبہ تفتیش میں منفرد خصوصیات کے تحت معاونت فراہم کرنیوالی ڈیجیٹل فارنسک لیبارٹری کا باقاعدہ افتتاح کیا۔

آئی جی سندھ کو بتایا گیا کہ لیبارٹری میں دہشت گردی، بم دھماکوں اور دیگر سنگین جرائم کے علاوہ اسٹریٹ کرائم کے حوالے سے بھی دستیاب شواہد کا تجزیہ کیا جائے گا اور حاصل ہونیوالی رپورٹ کو ملوث/گرفتار ملزمان کے خلاف بطور ثبوت متعلقہ عدالتوں میں پیش کیا جائے گا۔

یہ لیب کرائم سین یونٹ کا حصہ ہوگی جہاں ڈیجیٹل کرائم، دستخط اور ہاتھ کی لکھائی کا تجزیہ کرنیکے ڈو ملیکیولر یونٹ ہوں گے جبکہ موبائل فون کے ذریعے کیے جانیوالے جرائم کا تجزیہ کرنیکی بھی سہولت موجود ہوگی۔

اس فرانزک لیبارٹری کے ایک حصے میں دہشت گردی، بم دھماکوں، اسٹریٹ کرائم اور دیگر جرائم کے مواقع سے اکٹھے کیے جانیوالے شواہد کا ڈیٹا جمع کیا جائیگا۔ ایسے واقعات جن میں موبائل فون یا کمپیوٹر کا استعمال کیا گیا ہو تو جائے وقوعہ سے ملنے والے موبائل فون یا سم اور کمپیوٹر سے کسی بھی پرزے کا لیبارٹری میں تجزیہ اور ملنے والی معلومات کا ڈیٹا محفوظ کیا جائے گا۔

آئی جی سندھ کو بتایا گیا کہ ڈیجیٹل لیبارٹری میں موجود ڈو اینگ اینگ ڈیوائسز سے معروف برانڈ کے علاوہ چائنا کے موبائل فونز کے ذریعے کیے جانیوالے کرائم کی تفتیشات بھی کی جاسکے گی

لیبارٹری کے دوسرے حصے میں دستخط اور ہاتھ کی لکھائی کا موازنہ کیا جائے گا اور مقدمات کے شواہد میں شامل مختلف دستاویزات کا تجزیہ کیا جائے گا جبکہ دستخط اور ہاتھ کی لکھائی اور مہروں کو جدید معائنے کے ذریعے اصل سے میچ کرنیکی سہولت سے بھی یہ لیب آراستہ ہے

آئی جی سندھ نے افتتاحی تقریب سے خطاب کے دوران کہا کہ جدید خطوط پر مقدمات کی تفتیش نامزد پولیس کی کارکردگی پر مثبت اثرات مرتب کریگی بلکہ فارنسک تفتیش اور اسکے تحت جائے وقوعہ سے اکٹھی کی جانیوالی شہادتیں بھی انصاف کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کریگی۔

اس موقع پر قونصل نے آسٹریلیا سے آئے ہوئے آسٹریلین فیڈرل پولیس کے فارنسک مینیجر جولیئن سلاٹر (JULIAN SLATTER) اور سینئر لائژن آفیسر مارزیو (MARZIO) کی جانب سے سندھ پولیس کی فارنسک شعبے میں تربیت اور معاونت پر شکریہ کا اظہار کرتے ہوئے ایوری ایچ آف آسٹریلین فیڈرل پولیس کے سندھ پولیس کے ساتھ دیرینہ مراسم کو سراہا۔

#